
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 5 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

**15 منٹ** • بچوں سے پڑوسیوں کے بارے میں بات چیت کریں اور پوچھیں:

1) آپ کے پڑوسی کیسے ہیں؟
2) کیا آپ کے والدین کی پڑوسیوں سے دوستی ہے؟
3) اگر آپ کے پڑوس میں ہم عمر بچے ہیں تو کیا آپ ان کے ساتھ کھیلتے ہیں؟ اگر ہاں تو کیا کھیلتے ہیں اور کہاں؟
4) اپنے پڑوسی / پڑوسیوں کے ساتھ کس طرح سے ملتے جلتے ہیں؟

- بچوں کو بتائیں کہ اچھے پڑوسی ہونا اور اچھے پڑوسی ملنا محلے کے لئے کتنا ضروری ہے اور اچھے پڑوسیوں کے کیا فائدے ہوتے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک پڑوسی کے بارے میں کہانی پڑھیں گے۔

**10 منٹ** • بچوں میں کتاب **پڑوسی کوا** تقسیم کریں۔ اگر ان کے پاس کتاب پہلے سے موجود ہے تو بچے اپنی کتاب نکالیں۔

- کہانی پڑھ کر سنائیں۔
- مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان کے معنی سمجھائیں۔

**15 منٹ** • 6 - 8 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔ پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں:

1) کیا انہیں پرندے پسند ہیں؟
2) کیا پرندوں کو پنجروں میں بند کر کے پالنا چاہیئے؟
3) کیا کوا اور مینا پالتو پرندے ہیں؟
4) عام طور پر کون کون سے پرندے پالے جاتے ہیں؟

- زیادہ سے زیادہ بچوں کو اپنی رائے بتانے کا موقع دیں۔ کسی بھی رائے سے اختلاف نہ کریں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • امی / ابو کو کہانی سنائیں۔

# سیشن 2

10 منٹ • 6-4 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

15 منٹ • کہانی سے متعلق سوال بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے جوابات زبانی پوچھیں۔ زیادہ سے زیادہ بچوں کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیں۔ کلاس میں نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔ کسی بچے کے جواب کو غلط نہ کہیں۔ اس مشق کا مقصد بچوں کو confidence کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کرنا سکھانا ہے۔

- آپ کے خیال میں مینا کیسی پڑوسی تھی اور کوا کیسا پڑوسی تھا؟
- کوا کیا مینا کی مدد کرتا تھا اور کیسے؟
- کوے نے مینا کو نمک دینے سے کیوں انکار کیا؟
- کوے نے مینا کے گھر میں پناہ لینے کے بعد جو کیا اس سے کوے کے بارے میں آپ کو کیا معلوم ہوا؟

15 منٹ • بچوں سے کہیں اپنی اپنی کوپی نکالیں۔

- اگلے صفحے پر دی گئی پرندوں کے ناموں کی فہرست اردو میں بورڈ پر لکھیں۔
- بچوں سے پوچھ کر ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔
- بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

| English | اردو | English | اردو |
| --- | --- | --- | --- |
| dove | فاختہ | crow | کوا |
| kite | چیل | mynah | مینا |
| eagle | شاہین | parrot | طوطا |
| falcon | باز | hoopoe | ہد ہد |
| vulture | گدھ | pigeon | کبوتر |

**ٹیچر کے لئے نوٹ:** کلاس کے بچوں کو دو گروپ میں تقسیم کریں۔ ایک گروپ سے کوے کے بارے میں معلومات اور دوسرے گروپ سے مینا کے بارے میں معلومات جمع کرنے کو کہیں۔ یہ کام سیشن 6 کے لئے مکمل کریں۔

### ہوم ورک

**5 منٹ** • نیچے دیئے گئے الفاظ سے املا کی تیاری کریں۔

کھچڑی پھیکی کھٹکھٹایا للچایا چھالیہ پڑوسیوں رحم دل پیچھا جھنجھلایا بھجوایا

## سیشن 3

**10 منٹ** • دیئے گئے الفاظ سے املا کروائیں۔

**10 منٹ** • املا کی اصلاح کروائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**10 منٹ** • املا کے الفاظ میں سے 5 الفاظ چن کر جملے بنائیں۔


**15 منٹ** • بچوں سے پوچھیں کہ انہیں پرندوں کے بارے میں کوئی کہانی معلوم ہے۔ 5 - 4 بچوں کو موقع دیں کہ وہ کہانی سنائیں۔ ہر بچہ کو 3 - 2 منٹ دیں کہ وہ اپنی کہانی سنائے۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 4 کے لئے 6" x 6" یا 8" x 8" کے رنگین کاغذ بچوں کی تعداد کے مطابق تیار کر لیں۔
سیشن 4 میں دی گئی ہدایت کے مطابق پہلے خود چڑیا بنائیں تا کہ بچوں سے بنوانے میں آسانی ہو۔

# سیشن 4

- اوریگامی (origami) کی چڑیاں



10 منٹ • 6 - 4 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

15 منٹ • کہانی میں تکرار والے الفاظ مثلاً کٹ کٹ، گھٹ گھٹ دیئے گئے ہیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر ایسے اور الفاظ کہانی میں سے تلاش کریں اور ان میں مزید اضافہ کر کے بورڈ پر لکھیں۔

20 منٹ • بچوں میں رنگین کاغذ تقسیم کریں۔ origami کی چڑیاں دی گئی ہدایت کے مطابق بنوائیں اور کلاس میں display کریں۔

# سیشن 5

10 منٹ • اچھے اور تکلیف دہ پڑوسیوں کے بارے میں بچوں سے بات چیت کریں۔

30 منٹ • بچوں سے کہیں مضمون لکھنے کے لئے کوپی نکالیں۔

- بورڈ پر مضمون کا عنوان لکھیں ''میرے پڑوسی۔''
- بچوں سے کہیں 15 - 10 جملوں کا مضمون اپنے پڑوسی کے بارے میں لکھیں۔
- نیچے دیئے گئے points کی مدد لیں۔

1) آپ کے گھر کے کس طرف رہتے ہیں۔
2) کتنے افراد ہیں۔
3) آپ کے اور گھر والوں کے ان کے ساتھ کیسے تعلقات ہیں۔
4) کیا ان کے گھر میں آپ کے ہم عمر بچے ہیں۔
5) کیا آپ ان کے ساتھ کھیلتے ہیں۔ اگر ہاں تو کیا کھیلتے ہیں۔
6) کس کس موقع پر اور کس طرح ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔
7) ان کی کوئی ایسی بات جس سے آپ کو پریشانی ہوتی ہو۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • سیشن 6 کے لئے کوے / مینا کے بارے میں جو معلومات جمع کی ہیں ان کو کسی کوپی میں لکھ کر لائیں۔

| ٹیچر کے لئے نوٹ |
| --- |
| سیشن 6 کے لئے A4 سائیز کے 25 - 20 سادہ کاغذ، گوند اور ڈوری یا ربن کا انتظام کر لیں۔ |

# سیشن 6

10 منٹ • کلاس میں بچوں کو 6 گروپ میں تقسیم کریں۔ ہر گروپ میں مینا اور کوے کے بارے میں معلومات جمع کرنے والے بچوں کو برابر تعداد میں تقسیم کریں۔

- ہر گروپ کو 4 - 3 سادہ A4 سائز کا کاغذ دیں۔

30 منٹ • ہر گروپ کے بچے مینا اور کوے کی معلومات سادہ کاغذ پر لکھیں اور تصویریں لگائیں۔ کاغذ کو ڈوری / ربن سے باندھ کر booklet تیار کریں۔

5 منٹ • booklet کلاس میں display کریں۔

# پڑوسی کوا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk